3104 ـ انشورنس کی رقم حاصل کرنے کے لیے دوران ملازمت حادثہ پیش آنے کا جھوٹا دعوی کردیا

سوال

کام سے باہر مجھے حادثہ پیش آگیا، اور جب میں علاج معالجہ کے اخراجات برداشت نہ کر سکا تو میں نے دعوی کردیا کہ حادثہ کام کی بنا پر ہوا ہے، اس بنا پر کمپنی نے مجھے علاج معالجہ کے اخراجات مہیا کر دیے، اور اب میں اس فعل پر نادم ہوں، مجھ پر کیا لازم آتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

آپ کو چاہیے کہ کمپنی والوں کو حقیقت حال بتا دیں اور علاج معالجہ کی جو رقم انہوں نے صرف کی ہے وہ واپس کرنے کی پیشکش کریں، یا پھر اسے اپنی تنخواہ سے کٹوتی کروا دیں، اور اگر انہوں نے آپ کو معاف کردیا – اگر انہیں یہ صلاحیت ہو ـ تو پھر یہ قرض ساقط ہو جائے گا، وگرنہ آپ اس سے ان کے معاف کرنے یا انہیں اخراجات واپس کیے بغیر بری الذمہ نہیں ہو سکتے، اور آپ اس عظیم کذب بیانی اور ظلم کرنے پر اپنے رب سے توبہ و استغفار کریں .